# بیوی کو کالے کپڑے یا کالی چوڑیاں دلانے کا حکم

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

ایسا سمجھا جاتا ہے کہ اگر کوئی شوہر اپنی زوجہ کو کالے رنگ کا لباس یا کالی چوڑیاں لا کر دے، تو ممکن ہے شوہر پہ کوئی آزمائش آئے یا اس کے ساتھ کوئی حادثہ ہو۔ کیا شوہر اپنی بیوی کو کالے کپڑے یا چوڑیاں دلا سکتا ہے؟

## جواب

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَهَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

شوہر کا بیوی کو کالے رنگ کا لباس یا چوڑیاں لا کر دینا بالکل جائز ہے، اس کی وجہ سے کوئی آزمائش آنا شریعت مطہرہ میں ثابت نہیں بلکہ یہ لوگوں کی اپنی بنائی ہوئی باتیں ہیں، لہٰذا ایسے خیالات اپنے ذہن میں نہ لائیں اور شرعی حدود میں رہتے ہوئے شوہر کے لیے زیب و زینت اختیار کریں۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا عابد عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** Web-2165

**تاریخ اجراء:** 18 شعبان المعظم 1446ھ/17 فروری 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net